## سوال

(94) حرم میں قصد وارادہ سے عورتوں کی طرف دیکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جو مسجد حرم میں نماز جمعہ ادا کرنے کےلئے جائے ، عورتوں کی جگہ کے قریب نماز ادا کرے اور بار بار ان کے چہروں کی طرف دیکھے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ممانعت ہے کہ مرد عورتوں کے قریب نماز ادا کریں، مردوں کی بہترین صف پہلی صف اور بدترین صف آخری صف ہے کیونکہ وہ عورتوں کے قریب ہوتی ہے اور عورتوں کی بہترین آخری اور بدترین پہلی صف ہے کیونکہ وہ مردوں کے قریب ہوتی ہے ۔ مرد کےلئے یہ حرام ہے کہ وہ مسجد میں قصد وارادہ کے ساتھ عورتوں کی طرف دیکھے اور مسجد میں آنے والی عورت کےلئے بھی یہ واجب ہے کہ وہ پردہ کرے اور ایسی باپردہ جگہ نماز ادا کرے جہاں مرد نہ آتے ہوں اور اگر وہ مسجد میں نماز ادا کرنے کےلئے آئے تو اسے سادگی سے آنا چاہیے اور اگر وہ اپنے گھر ہی میں نماز ادا کرے تو یہ اس کےلئے بہتر ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## ج3ص82

### محدث فتویٰ